© rasailojaraid.com



ہیں۔ دنیا میں آبادی کے لحاظ سے سب سے زیادہ عیسائی ہیں، پھر مسلمان ہیں۔ یہودی دو کروڑ سے زائد نہیں۔ کئی ممالک خصوصاً مغربی ممالک میں، مکالمہ بین المذاہب (inter-faith dialogue) کے ادارے قائم ہیں۔ ان اداروں میں دوسرے مذاہب کے بارے میں حقیقی معلومات حاصل کرنے اور باہمی فاصلے اور دوریاں پاٹنے یا کم کرنے کی جدوجہد کی جاتی ہے۔ اس پس منظر میں یہود و نصاریٰ کے بارے میں حقائق سے باخبر رہنا ضروری ہے۔

محمد رضی الاسلام ندوی ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ کے رفیق ہیں، مذکورہ کتاب کے دیباچے میں سبب تالیف پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں:

> یہود و نصاریٰ کے حالات پر انگریزی، عربی اور اردو وغیرہ میں بہت سی کتابیں موجود ہیں، مگر ان میں تاریخی پہلو غالب ہے، عبرت و موعظت کے پہلو پر کم روشنی ڈالی گئی ہے۔ ضرورت تھی کہ کوئی ایسی کتاب مرتب کی جائے جس میں تاریخی پہلو کی طرف اشارات ہوں، البتہ ان پہلوؤں کو خاص طور پر ابھارا گیا ہو جن سے مسلمانوں کو عبرت و نصیحت حاصل ہو اور وہ ایمان و یقین سے سرشار ہو کر پوری زندگی کو اطاعت الٰہی کے تابع بنا دیں اور اعمال صالحہ سے اسے آراستہ کریں۔

اس کتاب میں پہلے تو بنی اسرائیل پر اللہ کے انعامات، میثاق، یہود کی گمراہی اور سزائیں قرآنی حوالوں سے زیر بحث لائی گئی ہیں، پھر نصاریٰ کے عقائد، تاریخ اور اختلافات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ موضوع کے حوالے سے قرآن کی آیات اور ترجمہ بھی شامل ہے۔ مصنف نے قدما میں، طبری، ابن کثیر، کشاف، رازی اور دور جدید میں، تفسیر ماجدی، تفہیم القرآن، تدبر قرآن اور فی ظلال القرآن سے استفادہ کیا ہے۔ اہل کتاب کے نقش قدم پر چلنے کی ممانعت، ایک اہم باب ہے اور غیر مسلموں کی اندھا دھند پیروی کرنے والوں کے لیے خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔

اپنے طرز اور اسلوب کی بدولت یہ عبرت و موعظت کی کتاب بن گئی ہے۔ تاریخی موضوعات پر اس قسم کے ٹھوس تحریری کام کا ایک مقام ہے، تاہم ایسی کتابوں میں دور حاضر کے اہل کتاب کی اسلام دشمنی اور اسلامی احیا کے خلاف ان کی سازشوں کا ذکر بھی کرنا ضروری ہے۔ علما و طلبا کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔ (محمد ایوب منیر)

**ہمدرد صحت**، اشاعت خاص ”صحت مند بڑھاپا“۔ مدیر اعلیٰ: حکیم محمد سعید۔ ناشر: ہمدرد سنٹر، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۱۳۶۔ قیمت: ۳۰ روپے۔

© rasailojaraid.com